مسنون دعائیں

مرتب

مفتی محمود صاحب بارڈولی دامت برکاتہم

ناشر

نورانی مکاتب

www.nooranimakatib.com

تفصیلات

کتاب کا نام:...................................مسنون دعائیں
مرتب:...........................مفتی محمود صاحب بارڈولی دامت برکاتہم
صفحات:...۷۲
سنِ اشاعت:.................صفر المظفر ۱۴۴۸ھ، مطابق: اگست ۲۰۲۶ء
ناشر:.......................................نورانی مکاتب

کتاب ملنے کا پتہ

نورانی مکاتب
8140902756

ڈابھیل
محمود نگر، ڈابھیل، نوساری، گجرات

بارڈولی
مریم مسجد، گاندھی روڈ، بارڈولی

فہرست

پیش لفظ ۹
مسنون دعاؤں کو اپنی زندگی کا معمول بنانے کے چند آسان طریقے........ ۱۱

حصہ اول: عام طور پر روزانہ پیش آنے والی ضرورتوں کے متعلّق پڑھی جانے والی دعائیں

(۱) کھانے سے پہلے کی دعا:..................................... ۱۶
(۲) کھانے کے شروع میں بھول جائے تو یہ پڑھے:.................. ۱۶
(۳) دسترخوان بچھانے کی دعا:.................................. ۱۶
(۴) کھانے کے بعد کی دعا:..................................... ۱۷
(۵) دوسری دعا جس سے گناہ معاف ہوجاتے ہیں:.................. ۱۷
(۶) دسترخوان اٹھانے کی دعا:.................................. ۱۸
(۷) دعوت کھانے کے بعد کی دعا:................................ ۱۸
(۸) دعوت کھانے کے بعد کی دوسری دعا:.......................... ۱۸
(۹) دعوت کھانے کے بعد کی تیسری دعا:.......................... ۱۹
(۱۰) دودھ پینے کی دعا:.. ۱۹
(۱۱) پانی پینے کی دعا:.. ۱۹
(۱۲) پانی پینے کے بعد کی دعا:................................. ۲۰
(۱۳) پانی پینے کے بعد کی دوسری دعا:........................... ۲۰
(۱۴) بیت الخلا میں جانے کی دعا:.............................. ۲۰

(۱۵) بیت الخلا سے نکلنے کی دعا: ۲۰
(۱۶) غسل خانے میں جانے کی دعا: ۲۱
(۱۷) سونے سے پہلے کی دعا: ۲۱
(۱۸) سونے سے پہلے کی دوسری دعا: ۲۱
(۱۹) سونے سے پہلے کی تیسری دعا: ۲۲
(۲۰) سونے سے پہلے کی چوتھی دعا: ۲۲
(۲۱) نیند نہ آوے تو یہ دعا پڑھیں: ۲۳
(۲۲) رات کو آنکھ کھل جائے تو یہ دعا پڑھیں: ۲۴
(۲۳) رات کو گھبرا کر آنکھ کھل جائے تو یہ دعا پڑھیں: ۲۵
(۲۴) تہجد کے لیے اٹھے تو یہ دعا پڑھے: ۲۵
(۲۵) تہجد شروع کرنے سے پہلے کا عمل: ۲۷
(۲۶) آلِ عمران کا رکوع اٹھتے وقت (آسمان کی طرف دیکھتے ہوئے): .. ۲۸
(۲۷) سوکر اٹھنے کے بعد کی دعا: ۳۱
(۲۸) جب صبح ہو تو پڑھیں: ۳۲
(۲۹) جب شام ہو تو پڑھیں: ۳۲
(۳۰) سورج نکلتے وقت پڑھنے کی دعا: ۳۳
(۳۱) دن اور رات کی نعمتوں کا شکر ادا کرنے کی دعا (صبح کے وقت): ۳۳
(۳۲) کپڑے پہننے کی دعا: ۳۴
(۳۳) نئے کپڑے اور نئے جوتے۔چپل پہننے کی دعا: ۳۴
(۳۴) کپڑے اتارتے وقت کی دعا: ۳۵
(۳۵) آئینے میں دیکھے تو پڑھے: ۳۵

(۳۶) گھر سے نکلنے کی دعا: ۳۶
(۳۷) گھر میں داخل ہوتے وقت پڑھنے کی دعا: ۳۶
(۳۸) اگر گھر خالی ہو تو اِس طرح سلام کریں: ۳۷
(۳۹) جب بازار میں جائے تو یہ پڑھے: ۳۷
(۴۰) وضو سے پہلے کی دعا: ۳۸
(۴۱) وضو کے درمیان کی دعا: ۳۸
(۴۲) وضو کے بعد کی دعا: ۳۹
(۴۳) جب اذان (کی آواز) سنیں تو پڑھیں: ۳۹
(۴۴) اذان کے بعد درود شریف پڑھ کر یہ دعا پڑھیں: ۴۰
(۴۵) مسجد کے جماعت خانے میں داخل ہونے کی دعا: ۴۰
(۴۶) مسجد کے جماعت خانے سے نکلنے کی دعا: ۴۱
(۴۷) مسجد سے نکلنے کی دوسری دعا: ۴۱
(۴۸) قومہ؛ یعنی رکوع سے اٹھ کر پڑھنے کی دعا: ۴۲
(۴۹) جلسہ؛ یعنی دو سجدوں کے درمیان پڑھنے کی دعا: ۴۲
(۵۰) فرض نماز کے بعد پڑھنے کی دعا: ۴۲
(۵۱) فرض نماز کے بعد کی دوسری دعا: ۴۳

دوسرا حصہ: متفرق دعائیں

(۵۲) سفر کے ارادے کے وقت کی دعا: ۴۴
(۵۳) سوار ہوتے وقت پڑھے: ۴۴
(۵۴) سوار ہو جانے کے بعد پڑھے: ۴۴

(۵۵) منزل پر پہنچنے کی دعا (تین مرتبہ کہے): ۴۵
(۵٦) منزل پر پہنچ کر پھر پڑھے: ۴۵
(۵۷) سفر سے واپسی کی دعا: ۴۵
(۵۸) کسی کو روانہ کرنے کی دعا: ۴٦
(۵۹) ڈوبنے سے حفاظت کی دعا: ۴٦
(٦۰) بیمار کی ملاقات کے وقت (۷/مرتبہ پڑھے): ۴۷
(٦۱) عیادت کے وقت پھر یہ پڑھے: ۴۷
(٦۲) عیادت کے وقت بیمار کے سینے اور چہرے پر ہاتھ پھیرتے ہوئے یہ دعا پڑھے: ۴۷
(٦۳) کسی کو مصیبت یا ایکسڈنٹ میں دیکھ کر پڑھنے کی دعا: ۴۸
(٦۴) بارش ہو تو یہ دعا پڑھے: ۴۸
(٦۵) بارش نہ ہو تو یہ دعا (تین مرتبہ) پڑھیں: ۴۸
(٦٦) سخت آندھی یا بادل گرجے اس وقت پڑھنے کی دعا: ۴۹
(٦۷) بادل گرجنے وغیرہ کی دوسری دعا: ۴۹
(٦۸) جب نیا چاند دیکھے تو یہ دعا پڑھے: ۵۰
(٦۹) رجب اور شعبان میں یہ دعا پڑھے: ۵۰
(۷۰) افطار کی دعا: ۵۰
(۷۱) افطار کے بعد کی دعا: ۵۱
(۷۲) زم زم پیتے وقت کی دعا: ۵۱
(۷۳) موسم کا نیا پھل پاس آوے تو یہ دعا پڑھے: ۵۱
(۷۴) دولہا، دلہن کو نکاح کے بعد مبارک بادی دینے کے کلمات: ۵۲

(۷۵) بیوی سے پہلی ملاقات کے وقت کی دعا:.................. ۵۲
(۷۶) جماع کے وقت کی دعا:.................. ۵۳
(۷۷) منی نکلنے کے وقت (انزال کی دعا):.................. ۵۳
(۷۸) نکاح کے بعد نیک اولاد کے لیے قرآنی دعائیں:.................. ۵۳
(۷۹) گھر والے، اولاد اور نسلوں کی دین داری کے لیے دعائیں:.................. ۵۴
(۸۰) والدین کے لیے دعا:.................. ۵۴
(۸۱) دشمن کے خوف و ڈر کے وقت یہ دعا پڑھے:.................. ۵۴
(۸۲) ارتداد سے بچنے کے لیے خاص قرآنی دعائیں:.................. ۵۶
(۸۳) دجالی فتنوں سے بچنے کی دعائیں:.................. ۵۷
(۸۴) مشکل کام کے وقت کی دعا:.................. ۵۸
(۸۵) جنت مانگنے کی دعا (تین مرتبہ):.................. ۵۹
(۸۶) جہنم سے حفاظت مانگنے کی دعا (تین مرتبہ):.................. ۵۹
(۸۷) مجلس سے اٹھتے وقت کی دعا:.................. ۵۹
(۸۸) غصّے کے وقت کی دعا:.................. ۶۰
(۸۹) مصافحہ کرتے وقت:.................. ۶۱
(۹۰) کسی نے سلام کہلوایا ہو تو اس کا جواب اس طرح دیں:.................. ۶۱
(۹۱) جب کسی کو ہنستا ہوا دیکھے تو:.................. ۶۱
(۹۲) جب اچھی چیز دیکھے تو:.................. ۶۱
(۹۳) جب کسی اچھی چیز کو دیکھے تو (دوسری دعا):.................. ۶۲
(۹۴) جب پسند نہ ہو ایسی چیز یا بات پیش آئے تو پڑھے:.................. ۶۲
(۹۵) جب مرغ کی آواز سنے تو کہے:.................. ۶۲

(۹۶) ایمان پر حسنِ خاتمہ کے لیے قرآنی ومسنون دعائیں:............... ۶۳
(۹۷) جب موت قریب دیکھے تو یہ دعا پڑھے:..................... ۶۳
(۹۸) جب روح نکلنے کی تیاری ہوتب یہ دعا پڑھے:.................. ۶۳
(۹۹) جب موت واقع ہو جائے یا کوئی بھی نقصان ہو جائے تو یہ دعا پڑھے:.. ۶۴
(۱۰۰) قبرستان میں داخل ہونے کی دعا:.......................... ۶۴
حوالہ جات.. ۶۶

* * *

پیش لفظ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِيْنَ، وَالصَّلَاةُ وَالسَّلَامُ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ خَاتَمِ النَّبِيِّيْنَ، وَعَلٰى آلِهِ وَأَصْحَابِهِ أَجْمَعِيْنَ، أَمَّا بَعْدُ!

فَأَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ، بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ:

﴿قُلْ إِنْ كُنْتُمْ تُحِبُّوْنَ اللّٰهَ فَاتَّبِعُوْنِيْ يُحْبِبْكُمُ اللّٰهُ وَيَغْفِرْ لَكُمْ ذُنُوْبَكُمْ ۚ وَاللّٰهُ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ﴾ [آل عمران : ۳۱]

اللہ کو یاد کرنا (ذکر کرنا) ایک ایسا مبارک عمل ہے جو بندے کو اپنے پیدا کرنے والے مالک سے جوڑتا ہے۔ ہمارے پیارے نبی، سرورِ کائنات حضرت محمد ﷺ کا یہ مبارک معمول تھا کہ آپ ﷺ ہر وقت اور ہر لمحہ اللہ تعالیٰ کو یاد فرماتے رہتے تھے۔

ذکر کی ایک صورت یہ تھی کہ حضورِ اکرم ﷺ موقع بہ موقع کی دعائیں پڑھتے تھے۔

مختلف مواقع کی دعاؤں کا ایک بہت بڑا اور عظیم الشان ذخیرہ

احادیث کی مستند کتابوں میں منقول ہے۔

کئی مواقع پر ایک سے زائد دعائیں بھی منقول ہیں اور کہیں راویوں کے الفاظ کے معمولی فرق کے ساتھ بھی دعائیں ملتی ہیں۔

ایک سچے عاشقِ رسول اور مؤمنِ صادق کے عشق کا تقاضا تو یہ ہے کہ وہ اپنے محبوب ﷺ کی زبانِ مبارک سے نکلی ہوئی ان تمام دعاؤں کو سیکھے اور پڑھنے کا اہتمام کرے۔

لیکن افسوس کی بات یہ ہے کہ آج ہمارے بہت سے مسلمان بھائی۔بہن ان دعاؤں سے غافل ہیں، اور بہت سے لوگ تو ان کے بارے میں جانتے بھی نہیں۔

اسی ضرورت کو سامنے رکھتے ہوئے روزانہ بار بار پیش آنے والے موقعوں کی ان چند مسنون اور متفرق دعاؤں کو اس چھوٹی سی کتاب میں جمع کیا گیا ہے۔ساتھ ہی دعاؤں کا بہت آسان اردو ترجمہ اور معتبر کتابوں کے حوالے بھی لکھ دیے ہیں؛ تا کہ یاد کرنے اور سمجھنے میں آسانی ہو۔

ہر مسلمان کو چاہیے کہ کم از کم ان دعاؤں کو تو ضرور یاد کرے اور روزانہ پڑھے۔ جب ان دعاؤں کی پابندی کی عادت ہو جائے تو پھر اس موضوع پر لکھی گئی دوسری بڑی کتابوں سے مزید دعائیں یاد کرنے کی کوشش کرنی چاہیے۔

مسنون دعاؤں کو اپنی زندگی کا معمول (عادت) بنانے کے چند آسان طریقے

ان دعاؤں کو صرف زبانی یاد کر لینا ہی کافی نہیں، اصل بات یہ ہے کہ وقت پر ان کو پڑھنے کی عادت ہو جائے۔ یہاں چند آسان اور عملی طریقے پیش کیے جا رہے ہیں جن پر عمل کر کے آپ ان دعاؤں کو آسانی سے اپنی زندگی کا حصہ بنا سکتے ہیں:

(۱) آپس میں معاہدہ کرنا اور ایک دوسرے سے پوچھنا:

سب سے پہلا طریقہ یہ ہے کہ آپ اپنے گھر والوں (جیسے اپنی بیوی، بیٹی، بیٹے) یا اپنے کسی خاص دوست کے ساتھ آپس میں طے کر لیں کہ ہم ایک دوسرے کو دعائیں یاد دلاتے رہیں گے۔ دن

میں جب بھی موقع ملے، ایک دوسرے سے پیار سے پوچھتے رہیں کہ: ’’کیا آپ نے بیت الخلا (ٹوائلٹ) جانے کی دعا پڑھی؟‘‘ یا ’’کیا کھانا شروع کرنے کی دعا پڑھی؟‘‘ اس طرح پوچھنے سے سب کو دعائیں یاد بھی ہو جائیں گی اور پڑھنے کی عادت بھی ہو جائے گی ان شاء اللہ!

(۲) بھول جانے پر فوراً تلافی کرنا (دوبارہ عمل کرنا):

اگر کبھی کوئی دعا وقت پر پڑھنا بھول جائیں تو جیسے ہی یاد آئے فوراً اس کی تلافی کریں۔ مثال کے طور پر اگر آپ مسجد میں داخل ہوئے اور داخل ہونے کی دعا پڑھنا بھول گئے تو جیسے ہی یاد آئے فوراً مسجد سے باہر نکل جائیے، باہر جاکر دوبارہ دعا پڑھیے اور پھر اندر آیئے۔

ایک سبق آموز واقعہ:

والدِ مرحوم حضرت مولانا سلیمان صاحب حافظ جیؒ کی تربیت کا نرالا انداز تھا، میرے مخلص دوست حاجی خلیل بھائی ابراہیم بھام نے

خود اپنا واقعہ سنایا کہ: میں ایک مرتبہ کسی کام سے والد صاحب کی ملاقات کے لیے گیا اور سلام کیے بغیر مرحوم کے پاس پہنچ گیا، تو مرحوم نے کوئی بات چیت نہیں کی اور مجھے فرمایا: گھر کے باہر جاؤ! مجھے دروازے کے باہر بھیجا، پھر فرمایا: سلام کر کے اندر داخل ہو، تو میں نے سلام کیا اور اندر داخل ہوا، پھر مجھے بٹھا کر شرعی مسئلہ سمجھایا۔

مرحوم کے اس طرزِ تربیت کا مجھ پر یہ اثر ہوا کہ اس دن سے میری زندگی میں یہ عادت بن گئی کہ جس کسی کے یہاں جاتا ہوں پہلے سلام کرتا ہوں، پھر مکان میں داخل ہوتا ہوں۔

(۳) اپنے نفس پر سزا (جرمانہ) متعین کرنا:

اپنے نفس کو قابو میں رکھنے کا ایک طریقہ یہ بھی ہے کہ آپ اپنے اوپر کوئی سزا یا جرمانہ مقرر کر لیں۔ مثلاً یہ نیت کر لیں کہ: اگر آج مجھ سے فلاں مسنون دعا چھوٹ گئی تو میں اس کی سزا کے طور پر دو رکعت یا دس رکعت نفل نماز پڑھوں گا یا کچھ صدقہ کروں گا۔ جب نفس کو معلوم ہوگا کہ دعا نہ پڑھنے پر نفل نماز پڑھنی پڑے گی تو وہ خود بہ

خود دعاؤں کے معاملے میں ہوشیار اور پابند ہو جائے گا۔

(۴) اونچی آواز میں (زور سے) دعا پڑھنا:

گھر کے ماحول کو اچھا اور نورانی بنانے اور دوسروں کو یاد دلانے کے لیے یہ طریقہ بہت فائدہ مند ہے کہ جب دعا کا موقع آئے تو آپ دعا اونچی آواز میں پڑھیں، تاکہ دوسرے سن کر سیکھ لیں:

گھر میں رات کو سوتے وقت اگر گھر کا کوئی ایک آدمی اونچی آواز میں سونے کی دعا پڑھ لے تو اس کی برکت سے باقی سب کو بھی یاد آجائے گی۔

دار الاقامہ (ہاسٹل) میں رہنے والے طلبہ میں سے اگر کوئی ایک طالبِ علم موقع کے وقت بلند آواز سے دعا پڑھے تو دوسرے ساتھیوں کی بھی یاد دہانی ہو جائے گی۔

جب آپ کچن میں جائیں تو وہاں پہنچ کر اونچی آواز میں "بسم اللہ" اور دوسری دعائیں پڑھیں؛ تاکہ وہاں دوسرے ساتھیوں کو بھی یاد آجائے۔نیت صرف یہ ہو کہ دوسروں کو یاد آجائے اور

وہ بھی پڑھ لیں۔

(۵) ماتحتوں اور دوستوں کو ٹوکتے رہنا:

اپنے ماتحتوں، بچوں اور دوستوں پر نظر رکھیں اور محبت سے انھیں موقع بہ موقع ٹوکتے رہیں، پیار سے یاد دلاتے رہیں۔ جب آپ بار بار پیار سے ٹوکتے رہیں گے تو ان کے اندر بھی ان دعاؤں کو پڑھنے کا اہتمام اور شوق پیدا ہو جائے گا۔

اللہ تعالیٰ سے دعا ہے کہ وہ اس چھوٹی سی کوشش کو اپنی بارگاہ میں قبول فرمائے، اسے ہم سب کے لیے نافع بنائے اور ہمیں اپنے پیارے حبیب ﷺ کی ہر سنت اور ہر دعا کو اپنی زندگی میں زندہ کرنے کی توفیق عطا فرمائے، آمین!

بندہ: محمود حافظ جی عفی عنہ

مؤرخہ: ۹/ صفر ۱۴۴۸ھ

مطابق: ۲۴/ جولائی ۲۰۲۶ء

بسم اللہ الرحمن الرحیم

حصہ اول: عام طور پر روزانہ پیش آنے والی ضرورتوں کے متعلّق پڑھی جانے والی دعائیں

(۱) کھانے سے پہلے کی دعا:

بِسْمِ اللّٰهِ وَبَرَكَةِ اللّٰهِ.[۱]

ترجمہ: اللہ تعالیٰ کے نام اور اللہ کی برکت کے ساتھ (کھانا کھاتا ہوں)۔

(۲) کھانے کے شروع میں بھول جائے تو یہ پڑھے:

بِسْمِ اللّٰهِ أَوَّلَهُ وَآخِرَهُ.[۲]

ترجمہ: اس کھانے کی شروعات اور آخر دونوں اللہ تعالیٰ کے نام سے ہے۔

(۳) دسترخوان بچھانے کی دعا:

اَللّٰهُمَّ بَارِكْ لَنَا فِيْمَا رَزَقْتَنَا، وَقِنَا عَذَابَ النَّارِ، بِسْمِ اللّٰهِ.[۳]

ترجمہ: اے اللہ! جو رزق آپ نے ہمیں عطا فرمایا اس میں ہمیں برکت دیجیے، اور ہمیں جہنم کی آگ سے بچا لیجیے، بسم اللہ۔

(۴) کھانے کے بعد کی دعا:

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ أَطْعَمَنَا وَسَقَانَا وَجَعَلَنَا مُسْلِمِيْنَ.(۴)

ترجمہ: تمام تعریفیں اللہ تعالیٰ کے لیے ہیں جنھوں نے ہمیں کھلایا پلایا اور ہمیں مسلمان بنایا۔

(۵) دوسری دعا جس سے گناہ معاف ہو جاتے ہیں:

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ أَطْعَمَنِيْ هٰذَا وَرَزَقَنِيْهِ مِنْ غَيْرِ حَوْلٍ مِنِّيْ وَلَا قُوَّةٍ.(۵)

ترجمہ: تمام تعریفیں اس اللہ تعالیٰ کے لیے ہیں جنھوں نے مجھے یہ کھانا کھلایا اور میری کسی طاقت اور قوت کے بغیر مجھے یہ روزی عطا فرمائی۔

فائدہ: اس دعا کی برکت سے اس کے اگلے تمام گناہ معاف کر دیے جائیں گے اور کھانے کا حساب بھی نہیں ہو گا، ان شاء اللہ!

(٦) دسترخوان اٹھانے کی دعا:

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ حَمْدًا كَثِيرًا طَيِّبًا مُبَارَكًا فِيْهِ، غَيْرَ مَكْفِيٍّ وَلَا مُوَدَّعٍ وَلَا مُسْتَغْنًى عَنْهُ رَبَّنَا.(٦)

ترجمہ: تمام تعریفیں اللہ ہی کے لیے ہیں، ایسی تعریف جو بہت زیادہ ہو، پاکیزہ ہو اور اس میں برکت ہی برکت ہو، ان کی ذات کسی کی محتاج نہیں اور نہ ہی ان کو چھوڑا جاسکتا ہے اور نہ ان سے بے نیازی برتی جاسکتی ہے (یعنی اللہ تعالیٰ کی ہر ایک کو ضرورت ہے)، اے ہمارے پالنے والے!۔

(٧) دعوت کھانے کے بعد کی دعا:

اَللّٰهُمَّ أَطْعِمْ مَنْ أَطْعَمَنِيْ، وَاسْقِ مَنْ سَقَانِيْ.(٧)

ترجمہ: اے اللہ! آپ اسے کھلایئے جس نے مجھے کھلایا اور اسے پلایئے جس نے مجھے پلایا۔

(٨) دعوت کھانے کے بعد کی دوسری دعا:

أَفْطَرَ عِنْدَكُمُ الصَّائِمُوْنَ، وَأَكَلَ طَعَامَكُمُ الْأَبْرَارُ،

وَصَلَّتْ عَلَيْكُمُ الْمَلَائِكَةُ.(۸)

ترجمہ: روزے دار تمھارے گھر افطار کریں اور تمھارا کھانا نیک لوگ کھائیں اور فرشتے تم پر رحمت بھیجیں۔

(۹) دعوت کھانے کے بعد کی تیسری دعا:

اللّٰهُمَّ بَارِكْ لَهُمْ فِيمَا رَزَقْتَهُمْ، وَاغْفِرْ لَهُمْ وَارْحَمْهُمْ.(۹)

ترجمہ: اے اللہ! اِن (کھلانے پلانے والوں) کی روزی میں برکت عطا فرمائیے اور ان کی مغفرت فرما دیجیے اور ان پر رحم فرمائیے۔

(۱۰) دودھ پینے کی دعا:

اللّٰهُمَّ بَارِكْ لَنَا فِيهِ وَزِدْنَا مِنْهُ.(۱۰)

ترجمہ: اے اللہ! ہمارے لیے اِس (دودھ) میں برکت عطا فرمائیے اور ہمیں زیادہ (دودھ) پلائیے۔

(۱۱) پانی پینے کی دعا:

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ.(۱۱)

(۱۲) پانی پینے کے بعد کی دعا:

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ.[۱۲]

(۱۳) پانی پینے کے بعد کی دوسری دعا:

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ سَقَانَا عَذْبًا فُرَاتًا بِرَحْمَتِهِ، وَلَمْ يَجْعَلْهُ مِلْحًا أُجَاجًا بِذُنُوْبِنَا.[۱۳]

ترجمہ: تمام تعریفیں اللہ تعالیٰ کے لیے ہیں جنھوں نے ہمیں اپنی رحمت سے بہت زیادہ میٹھا پانی پلایا اور اس کو ہمارے گناہوں کی وجہ سے کڑوا اور کھارا نہیں بنایا۔

(۱۴) بیت الخلا میں جانے کی دعا:

اَللّٰهُمَّ إِنِّيْ أَعُوْذُ بِكَ مِنَ الْخُبُثِ وَالْخَبَائِثِ.[۱۴]

ترجمہ: اے اللہ! میں شیطان مردوں اور شیطان عورتوں سے آپ کی حفاظت چاہتا ہوں۔

(۱۵) بیت الخلا سے نکلنے کی دعا:

غُفْرَانَكَ، اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ أَذْهَبَ عَنِّيْ الْأَذٰى وَعَافَانِيْ.[۱۵]

ترجمہ: اے اللہ! معاف فرمادیجیے، تمام تعریفیں اللہ کے لیے ہیں جنھوں نے مجھ سے تکلیف دینے والی چیز (پیشاب اور پاخانہ) کو دور کردیا اور مجھے راحت دی۔

(۱٦) غسل خانے میں جانے کی دعا:

بِسْمِ اللّٰهِ، اَللّٰهُمَّ إِنِّيْ أَعُوْذُ بِكَ مِنَ الْخُبُثِ وَالْخَبَائِثِ.[۱٦]

ترجمہ: اللہ کے نام کے ساتھ، اے اللہ! میں شیطان مَردوں اور عورتوں سے آپ کی حفاظت چاہتا ہوں۔

(۱۷) سونے سے پہلے کی دعا:

اَللّٰهُمَّ بِاسْمِكَ أَمُوْتُ وَأَحْيَا.[۱۷]

ترجمہ: اے اللہ! آپ ہی کا نام لے کر مرتا ہوں (یعنی سوتا ہوں) اور جیتا ہوں (یعنی اٹھتا ہوں)۔

(۱۸) سونے سے پہلے کی دوسری دعا:

بِاسْمِكَ رَبِّ وَضَعْتُ جَنْبِيْ وَبِكَ أَرْفَعُهُ، إِنْ أَمْسَكْتَ نَفْسِيْ فَارْحَمْهَا، وَإِنْ أَرْسَلْتَهَا فَاحْفَظْهَا بِمَا تَحْفَظُ بِهِ الصَّالِحِيْنَ.[۱۸]

ترجمہ: اے میرے پالنے والے! آپ کے نام سے میں نے اپنا پہلو رکھا ہے اور آپ ہی کے نام سے اٹھاؤں گا، اگر آپ نے میری جان کو روک لیا (یعنی موت ہوئی) تو اس پر رحم کرنا اور اگر چھوڑ دیا (زندگی باقی رکھی) تو اُس کی اِس طرح حفاظت کرنا جس طرح آپ نیک بندوں کی حفاظت کرتے ہیں۔

(۱۹) سونے سے پہلے کی تیسری دعا:

اَللّٰهُمَّ قِنِيْ عَذَابَكَ يَوْمَ تَبْعَثُ عِبَادَكَ۔[۱۹]

ترجمہ: اے اللہ! آپ جس (قیامت کے) دن اپنے بندوں کو اکٹھا کروگے اس دن مجھے اپنے عذاب سے بچالینا۔

(۲۰) سونے سے پہلے کی چوتھی دعا:

اَللّٰهُمَّ أَسْلَمْتُ نَفْسِيْ إِلَيْكَ، وَوَجَّهْتُ وَجْهِيْ إِلَيْكَ، وَفَوَّضْتُ أَمْرِيْ إِلَيْكَ، وَأَلْجَأْتُ ظَهْرِيْ إِلَيْكَ، رَغْبَةً وَرَهْبَةً إِلَيْكَ، لَا مَلْجَأَ وَلَا مَنْجَا مِنْكَ إِلَّا إِلَيْكَ، آمَنْتُ بِكِتَابِكَ الَّذِيْ أَنْزَلْتَ، وَنَبِيِّكَ الَّذِيْ أَرْسَلْتَ۔[۲۰]

ترجمہ: اے اللہ! میں نے اپنی ذات کو آپ کے حوالے کر دیا، میں نے اپنا چہرہ آپ کی طرف جھکا دیا، اور اپنا معاملہ آپ ہی کے حوالے کر دیا، اور میں ثواب کی امید اور عذاب کے ڈر سے آپ ہی کی حفاظت میں آ گیا، آپ کے سوا کہیں حفاظت اور نجات کی جگہ نہیں۔ اے اللہ! جو کتاب آپ نے اتاری میں اس پر ایمان لایا اور جو نبی (حضرت محمد ﷺ) آپ نے بھیجے میں ان پر ایمان لایا۔

فائدہ: جو یہ دعا پڑھ کر سو یا اور اُسی رات (یا نیند میں) اس کا انتقال ہو گیا تو اس کی موت ایمان پر ہو گی۔

(۲۱) نیند نہ آوے تو یہ دعا پڑھیں:

اَللّٰھُمَّ غَارَتِ النُّجُوْمُ، وھَدَأَتِ الْعُیُوْنُ، وَأَنْتَ حَيٌّ قَیُّومٌ، یَا حَيُّ یَا قَیُّومُ أَنِمْ عَیْنِيْ وَأَھْدِئْ لَیْلِيْ.[۲۱]

ترجمہ: اے اللہ! ستارے ڈوب گئے اور آنکھیں سکون کے ساتھ (سو) گئیں اور آپ ہمیشہ زندہ اور کائنات کو تھامنے والے ہیں، اے ہمیشہ زندہ رہنے والے اور کائنات کو تھامنے والے!

میری آنکھ کو نیند دیجیے اور میری رات پُرسکون کر دیجیے۔

(۲۲) رات کو آنکھ کھل جائے تو یہ دعا پڑھیں:

لَا إِلٰهَ إِلَّا اللهُ وَحْدَهُ لَا شَرِيْكَ لَهُ، لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ، وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيرٌ، اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ، وَسُبْحَانَ اللهِ، وَلَا إِلٰهَ إِلَّا اللهُ، وَاللهُ أَكْبَرُ، وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ إِلَّا بِاللهِ.[۲۲]

ترجمہ: اللہ تعالیٰ کے سوا کوئی معبود نہیں، وہ اکیلے ہیں، ان کا کوئی شریک نہیں، ملک ان ہی کے لیے ہے، اور تمام تعریفیں بھی ان ہی کے لیے ہیں، اور وہ ہر چیز پر قادر ہیں۔ تمام تعریفیں اللہ تعالیٰ ہی کے لیے ہیں، اللہ تعالیٰ کی ذات پاک ہے، اللہ تعالیٰ کے سوا کوئی معبود نہیں اور اللہ تعالیٰ سب سے بڑے ہیں، اللہ تعالیٰ کی مدد کے بغیر نہ کسی کو گناہوں سے بچنے کی طاقت ہے نہ نیکی کرنے کی ہمت۔

فائدہ: اس کے بعد «اللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِي» کہا یا کوئی اور دعا کی تو اس کی دعا قبول کی جائے گی، پھر اگر وضو کیا (اور نماز پڑھی)، تو اس کی نماز قبول کی جائے گی۔

(۲۳) رات کو گھبرا کر آنکھ کھل جائے تو یہ دعا پڑھیں:

لَا إِلٰهَ إِلَّا اللهُ الْوَاحِدُ الْقَهَّارُ، رَبُّ السَّمَوَاتِ وَالْأَرْضِ وَمَا بَيْنَهُمَا الْعَزِيزُ الْغَفَّارُ۔ (۲۳)

ترجمہ: اللہ تعالیٰ کے سوا کوئی معبود نہیں، وہ تنہا ہیں، غالب ہیں، آسمان، زمین اور ہر چیز کے پالنے والے ہیں، بڑی عظمت والے اور بڑے معاف کرنے والے ہیں۔

(۲۴) تہجد کے لیے اٹھے تو یہ دعا پڑھے:

اَللّٰهُمَّ لَكَ الْحَمْدُ، أَنْتَ قَيِّمُ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ وَمَنْ فِيْهِنَّ، وَلَكَ الْحَمْدُ، لَكَ مُلْكُ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ وَمَنْ فِيْهِنَّ، وَلَكَ الْحَمْدُ، نُوْرُ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ، وَلَكَ الْحَمْدُ أَنْتَ الْحَقُّ، وَوَعْدُكَ الْحَقُّ، وَلِقَاؤُكَ حَقٌّ، وَقَوْلُكَ حَقٌّ، وَالْجَنَّةُ حَقٌّ، وَالنَّارُ حَقٌّ، وَالنَّبِيُّوْنَ حَقٌّ، وَمُحَمَّدٌ ﷺ حَقٌّ، وَالسَّاعَةُ حَقٌّ، اَللّٰهُمَّ لَكَ أَسْلَمْتُ، وَبِكَ آمَنْتُ، وَعَلَيْكَ تَوَكَّلْتُ، وَإِلَيْكَ أَنَبْتُ، وَبِكَ خَاصَمْتُ، وَإِلَيْكَ حَاكَمْتُ،

فَاغْفِرْ لِيْ مَا قَدَّمْتُ وَمَا أَخَّرْتُ، وَمَا أَسْرَرْتُ وَمَا أَعْلَنْتُ، أَنْتَ الْمُقَدِّمُ وَأَنْتَ الْمُؤَخِّرُ لَا إِلٰهَ إِلَّا أَنْتَ، وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ إِلَّا بِاللّٰهِ۔[۲۴]

ترجمہ: اے میرے اللہ! ہر طرح کی تعریف آپ ہی کے لائق ہے، آپ آسمان اور زمین اور ان میں رہنے والی تمام مخلوق کو سنبھالنے والے ہیں، اور تعریف تمام کی تمام بس آپ ہی کے لیے مناسب ہے، آسمان اور زمین اور ان کی تمام مخلوقات پر حکومت صرف آپ ہی کے لیے ہے اور تعریف آپ ہی کے لیے ہے، آپ آسمان اور زمین کے نور ہیں، اور تعریف آپ ہی کے لیے مناسب ہے، آپ سچے ہیں، آپ کا وعدہ سچا، آپ کی ملاقات سچی، آپ کا حکم سچا ہے، جنت سچ ہے، دوزخ سچ ہے، انبیا سچے ہیں۔ محمد ﷺ سچے ہیں اور قیامت کا ہونا سچ ہے۔ اے میرے اللہ! میں آپ ہی کا فرماں بردار ہوں اور آپ ہی پر ایمان رکھتا ہوں، آپ ہی پر بھروسہ ہے، آپ ہی کی طرف رجوع کرتا ہوں، آپ ہی کے عطا

کیے ہوئے دلائل کے ذریعے بحث کرتا ہوں، اور آپ ہی کو فیصل بناتا ہوں۔ سو جو خطائیں مجھ سے پہلے ہوئیں اور جو بعد میں ہوں گی ان سب کی مغفرت فرمائیے، چاہے وہ ظاہر ہوئی ہوں یا چھپی ہوئی۔ آگے کرنے والے اور پیچھے رکھنے والے آپ ہی ہیں، معبود صرف آپ ہی ہیں۔ اللہ تعالیٰ کی مدد کے بغیر نہ کسی کو گناہوں سے بچنے کی طاقت ہے نہ نیکی کرنے کی ہمت۔

(۲۵) تہجد شروع کرنے سے پہلے کا عمل:

① دس بار «اَللّٰهُ أَكْبَرُ»
② دس بار «اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ»
③ دس بار «سُبْحَانَ اللهِ وَبِحَمْدِهِ»
④ دس بار «سُبْحَانَ الْمَلِكِ الْقُدُّوْسِ»
⑤ دس بار «أَسْتَغْفِرُ اللهَ»
⑥ دس بار «لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ» پڑھیں۔
⑦ دس بار یہ پڑھیں: اَللّٰهُمَّ إِنِّي أَعُوْذُ بِكَ مِنْ ضِيْقِ

الدُّنْيَا وَضِيقِ يَوْمِ الْقِيَامَةِ. (۲۵)

ترجمہ: اے اللہ! میں آپ کی حفاظت چاہتا ہوں دنیا اور قیامت کے دن کی تنگی سے۔ (یہ پڑھنے کے بعد تہجد کی نماز شروع کر دیں۔)

فائدہ: یہ نبیِ کریم ﷺ کے معمولات میں سے ہے، اس عمل کی برکت سے دنیا و آخرت کی ہر تنگی سے حفاظت ہوگی۔

(۲۶) آلِ عمران کا رکوع اٹھتے وقت (آسمان کی طرف دیکھتے ہوئے):

إِنَّ فِي خَلْقِ السَّمٰوٰتِ وَالْأَرْضِ وَاخْتِلَافِ الَّيْلِ وَالنَّهَارِ لَاٰيٰتٍ لِّأُولِي الْأَلْبَابِ ﴿١٩٠﴾ اَلَّذِيْنَ يَذْكُرُوْنَ اللّٰهَ قِيَامًا وَّقُعُوْدًا وَّعَلٰى جُنُوْبِهِمْ وَيَتَفَكَّرُوْنَ فِيْ خَلْقِ السَّمٰوٰتِ وَالْأَرْضِ ۚ رَبَّنَا مَا خَلَقْتَ هٰذَا بَاطِلًا سُبْحٰنَكَ فَقِنَا عَذَابَ النَّارِ ﴿١٩١﴾ رَبَّنَآ إِنَّكَ مَنْ تُدْخِلِ النَّارَ فَقَدْ أَخْزَيْتَهٗ ۚ وَمَا لِلظّٰلِمِيْنَ مِنْ أَنْصَارٍ ﴿١٩٢﴾ رَبَّنَآ إِنَّنَا سَمِعْنَا مُنَادِيًا يُّنَادِيْ لِلْإِيْمَانِ أَنْ اٰمِنُوْا بِرَبِّكُمْ فَاٰمَنَّا ۚ رَبَّنَا فَاغْفِرْ لَنَا ذُنُوْبَنَا وَكَفِّرْ عَنَّا سَيِّاٰتِنَا وَتَوَفَّنَا مَعَ الْأَبْرَارِ ﴿١٩٣﴾ رَبَّنَا

وَاٰتِنَا مَا وَعَدْتَّنَا عَلٰى رُسُلِكَ وَلَا تُخْزِنَا يَوْمَ الْقِيٰمَةِ ؕ إِنَّكَ
لَا تُخْلِفُ الْمِيْعَادَ ﴿۱۹۴﴾ فَاسْتَجَابَ لَهُمْ رَبُّهُمْ أَنِّيْ لَآ أُضِيْعُ
عَمَلَ عَامِلٍ مِّنْكُمْ مِّنْ ذَكَرٍ أَوْ أُنْثٰى ۚ بَعْضُكُمْ مِّنْۢ بَعْضٍ ۚ
فَالَّذِيْنَ هَاجَرُوْا وَأُخْرِجُوْا مِنْ دِيَارِهِمْ وَأُوْذُوْا فِيْ سَبِيْلِيْ
وَقٰتَلُوْا وَقُتِلُوْا لَأُكَفِّرَنَّ عَنْهُمْ سَيِّئَاتِهِمْ وَلَأُدْخِلَنَّهُمْ
جَنّٰتٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْأَنْهٰرُ ثَوَابًا مِّنْ عِنْدِ اللّٰهِ ؕ
وَاللّٰهُ عِنْدَهٗ حُسْنُ الثَّوَابِ ﴿۱۹۵﴾ لَا يَغُرَّنَّكَ تَقَلُّبُ الَّذِيْنَ
كَفَرُوْا فِي الْبِلَادِ ﴿۱۹۶﴾ مَتَاعٌ قَلِيْلٌ ثُمَّ مَأْوٰىهُمْ جَهَنَّمُ ؕ
وَبِئْسَ الْمِهَادُ ﴿۱۹۷﴾ لٰكِنِ الَّذِيْنَ اتَّقَوْا رَبَّهُمْ لَهُمْ جَنّٰتٌ
تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْأَنْهٰرُ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا نُزُلًا مِّنْ
عِنْدِ اللّٰهِ ؕ وَمَا عِنْدَ اللّٰهِ خَيْرٌ لِّلْأَبْرَارِ ﴿۱۹۸﴾ وَ إِنَّ مِنْ أَهْلِ
الْكِتٰبِ لَمَنْ يُّؤْمِنُ بِاللّٰهِ وَمَآ أُنْزِلَ إِلَيْكُمْ وَمَآ أُنْزِلَ
إِلَيْهِمْ خٰشِعِيْنَ لِلّٰهِ لَا يَشْتَرُوْنَ بِاٰيٰتِ اللّٰهِ ثَمَنًا قَلِيْلًا ؕ
أُولٰٓئِكَ لَهُمْ أَجْرُهُمْ عِنْدَ رَبِّهِمْ ؕ إِنَّ اللّٰهَ سَرِيْعُ الْحِسَابِ

۱۹۹ يٰٓأَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اصْبِرُوْا وَصَابِرُوْا وَرَابِطُوْا وَاتَّقُوا
اللّٰهَ لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُوْنَ ۲۰۰ (۲۶)

فائدہ: اس رکوع میں آئی ہوئی ان سات دعاؤں کا خاص طور پر اہتمام کرنا چاہیے:

① جہنّم کی آگ سے حفاظت کے لیے:

رَبَّنَا مَا خَلَقْتَ هٰذَا بَاطِلًا سُبْحٰنَكَ فَقِنَا عَذَابَ النَّارِ

② رَبَّنَآ إِنَّنَا سَمِعْنَا مُنَادِيًا يُّنَادِيْ لِلْإِيْمَانِ أَنْ اٰمِنُوْا بِرَبِّكُمْ فَـاٰمَنَّا.

③ گناہوں سے معافی مانگنے کے لیے:

رَبَّنَا فَاغْفِرْ لَنَا ذُنُوْبَنَا.

④ گناہوں کا کفارہ اور صفائی:

وَكَفِّرْ عَنَّا سَيِّاٰتِنَا.

⑤ نیک لوگوں کے ساتھ موت:

وَتَوَفَّنَا مَعَ الْأَبْرَارِ.

⑥ نبیوں کو مدد کا جو وعدہ ہے اس کو پانے کے لیے:

رَبَّنَا وَاٰتِنَا مَا وَعَدْتَّنَا عَلٰى رُسُلِكَ.

⑦ قیامت کی رسوائی سے حفاظت:

وَلَا تُخْزِنَا يَوْمَ الْقِيٰمَةِ ؕ إِنَّكَ لَا تُخْلِفُ الْمِيْعَادَ.

صبح اٹھتے وقت اس رکوع کو پڑھنے کے فائدے:

- رکوع کی تلاوت کا ثواب۔
- سنّت کی اتباع۔
- ۷/ زبردست ضروری اہم دعائیں قرآنی مبارک الفاظ میں اللہ تعالیٰ سے مانگنا۔
- بشارتیں اور وعدے۔

(۲۷) سو کر اٹھنے کے بعد کی دعا:

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ أَحْيَانَا بَعْدَ مَا أَمَاتَنَا وَ إِلَيْهِ النُّشُوْرُ.[۲۷]

ترجمہ: تمام تعریفیں اللہ تعالیٰ کے لیے ہیں جنھوں نے ہمیں مرنے کے بعد زندہ کیا (یعنی سونے کے بعد جگایا)، اور اُن ہی کی

جانب (قیامت میں) اٹھ کر جانا ہے۔

(۲۸) جب صبح ہو تو پڑھیں:

أَصْبَحْنَا وَأَصْبَحَ الْمُلْكُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِيْنَ، اَللّٰهُمَّ إِنِّيْ أَسْأَلُكَ خَيْرَ هٰذَا الْيَوْمِ، فَتْحَهُ وَنَصْرَهُ، وَنُورَهُ وَبَرَكَتَهُ وَهُدَاهُ، وَأَعُوْذُ بِكَ مِنْ شَرِّ مَا فِيْهِ وَشَرِّ مَا بَعْدَهُ.(۲۸)

ترجمہ: ہم نے اور پورے ملک نے صبح کی اللہ تعالیٰ کے لیے جو تمام جہانوں کے پالنے والے ہیں، اے اللہ! میں آپ سے اس دن کی بھلائی کا سوال کرتا ہوں، یعنی اس کی فتح (کامیابی)، اس کی مدد، اس کا نور، اس کی برکت اور اس کی ہدایت کا؛ اور میں آپ کی حفاظت چاہتا ہوں اس دن کے شر (برائی) سے اور اس کے بعد کے شر سے۔

(۲۹) جب شام ہو تو پڑھیں:

أَمْسَيْنَا وَأَمْسَى الْمُلْكُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِيْنَ.(۲۹)

ترجمہ: ہم نے اور پورے ملک نے شام کی اللہ تعالیٰ کے لیے جو تمام جہانوں کے پالنے والے ہیں۔

(۳۰) سورج نکلتے وقت پڑھنے کی دعا:

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ أَقَالَنَا يَوْمَنَا هٰذَا وَلَمْ يُهْلِكْنَا بِذُنُوبِنَا.(۳۰)

ترجمہ: تمام تعریفیں اللہ تعالیٰ کے لیے ہیں جنھوں نے ہمیں یہ دن لوٹا دیا اور ہمارے گناہوں کی سزا میں ہمیں ہلاک نہیں کیا۔

(۳۱) دن اور رات کی نعمتوں کا شکر ادا کرنے کی دعا (صبح کے وقت):

اَللّٰهُمَّ مَا أَصْبَحَ بِيْ مِنْ نِعْمَةٍ أَوْ بِأَحَدٍ مِنْ خَلْقِكَ فَمِنْكَ وَحْدَكَ لَا شَرِيكَ لَكَ، فَلَكَ الْحَمْدُ وَلَكَ الشُّكْرُ.(۳۱)

ترجمہ: اے اللہ! صبح کے وقت جو نعمتیں میرے پاس ہیں، یا آپ کی مخلوق میں سے کسی کے پاس ہیں وہ آپ ہی کی دی ہوئی ہیں، آپ اکیلے ہیں، آپ کا کوئی شریک نہیں ہے، آپ ہی ہر طرح کی تعریف کے حق دار ہیں، اور آپ ہی کے لیے شکر ہے۔

شام کے وقت یہ دعا اِس طرح پڑھیں:

اَللّٰهُمَّ مَا أَمْسٰى بِيْ مِنْ نِعْمَةٍ أَوْ بِأَحَدٍ مِنْ خَلْقِكَ فَمِنْكَ وَحْدَكَ لَا شَرِيكَ لَكَ، فَلَكَ الْحَمْدُ وَلَكَ الشُّكْرُ.(۳۲)

ترجمہ: اے اللہ! شام کے وقت جو نعمتیں میرے پاس ہیں، یا آپ کی مخلوق میں سے کسی کے پاس ہیں وہ آپ ہی کی دی ہوئی ہیں، آپ اکیلے ہیں، آپ کا کوئی شریک نہیں ہے، آپ ہی ہر طرح کی تعریف کے حق دار ہیں، اور آپ ہی کے لیے شکر ہے۔

(۳۲) کپڑے پہننے کی دعا:

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ كَسَانِيْ هٰذَا الثَّوْبَ، وَرَزَقَنِيْهِ مِنْ غَيْرِ حَوْلٍ مِنِّيْ وَلَا قُوَّةٍ.(۳۳)

ترجمہ: تمام تعریفیں اُس اللہ تعالیٰ کے لیے ہیں جنھوں نے مجھے یہ (کپڑا) پہنایا اور میری قوت اور طاقت کے بغیر مجھے یہ نصیب فرمایا۔

(۳۳) نئے کپڑے اور نئے جوتے۔چپل پہننے کی دعا:

اَللّٰهُمَّ لَكَ الْحَمْدُ أَنْتَ كَسَوْتَنِيْهِ، أَسْأَلُكَ مِنْ خَيْرِهِ وَخَيْرِ مَا صُنِعَ لَهُ، وَأَعُوذُ بِكَ مِنْ شَرِّهِ وَشَرِّ مَا صُنِعَ لَهُ.(۳۴)

ترجمہ: اے اللہ! آپ ہی کے لیے تمام تعریفیں ہیں کہ آپ نے مجھے یہ کپڑا پہنایا، میں آپ سے اِس (کپڑے) کی اور جس غرض

سے یہ کپڑا بنایا گیا اس کی بھلائی مانگتا ہوں، اور اس (کپڑے) کی اور جس غرض سے یہ بنایا گیا اُس کی برائی سے آپ کی حفاظت مانگتا ہوں۔

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ كَسَانِيْ مَا أُوَارِيْ بِهِ عَوْرَتِيْ، وَأَتَجَمَّلُ بِهِ فِيْ حَيَاتِيْ.(۳۵)

ترجمہ: سب تعریفیں اللہ تعالیٰ ہی کے لیے ہیں، جنھوں نے مجھے ایسا لباس پہنایا جس سے میں اپنا ستر چھپاتا ہوں اور اپنی زندگی میں اس کے ذریعے زینت (خوب صورتی) حاصل کرتا ہوں۔

(۳۴) کپڑے اتارتے وقت کی دعا:

بِسْمِ اللّٰهِ الَّذِيْ لَا إِلٰهَ إِلَّا هُوَ.(۳۶)

ترجمہ: اللہ کا نام لے کر (یہ کپڑا اتارتا ہوں) جن کے سوا کوئی معبود نہیں ہے۔

(۳۵) آئینے میں دیکھے تو پڑھے:

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ، اَللّٰهُمَّ كَمَا حَسَّنْتَ خَلْقِيْ فَحَسِّنْ خُلُقِيْ.(۳۷)

ترجمہ: تمام تعریفیں اللہ تعالیٰ کے لیے ہیں، اے اللہ! جیسا آپ

نے مجھے اچھا بنایا ویسے ہی میرے اخلاق بھی اچھے کر دیجیے۔

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ الَّذِيْ سَوّٰی خَلْقِيْ وَأَحْسَنَ صُوْرَتِيْ وَأَزَانَ مِنِّيْ مَا شَانَ مِنْ غَيْرِيْ۔[۳۸]

ترجمہ: سب تعریفیں اللہ ہی کے لیے ہیں، جنھوں نے میری بناوٹ کو برابر بنایا، میری شکل و صورت کو بہترین بنایا، اور مجھ میں ان چیزوں کو خوب صورت بنا دیا جو دوسروں میں عیب دار (ناپسندیدہ) بنائی گئی ہیں۔

(۳۶) گھر سے نکلنے کی دعا:

بِسْمِ اللّٰہِ، تَوَكَّلْتُ عَلَى اللّٰہِ، لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ إِلَّا بِاللّٰہِ۔[۳۹]

ترجمہ: اللہ کا نام لے کر نکلتا ہوں، اللہ ہی پر بھروسہ کرتا ہوں، (گناہوں سے بچنے کی) طاقت اور (نیک کام کرنے کی) قوت اللہ تعالیٰ ہی کی طرف سے ہے۔

(۳۷) گھر میں داخل ہوتے وقت پڑھنے کی دعا:

اَللّٰھُمَّ إِنِّيْ أَسْأَلُكَ خَيْرَ الْمَوْلَجِ، وَخَيْرَ الْمَخْرَجِ، بِسْمِ اللّٰہِ

وَلَجْنَا، وَبِسْمِ اللّٰهِ خَرَجْنَا، وَعَلَى اللّٰهِ رَبِّنَا تَوَكَّلْنَا.(۴۰)

ترجمہ: اے اللہ! میں آپ سے (گھر کے اندر) جانے اور (گھر سے) نکلنے میں اچھائی مانگتا ہوں، ہم اللہ تعالیٰ کا نام لے کر (گھر کے) اندر جاتے ہیں اور اللہ تعالیٰ ہی کا نام لے کر (گھر سے) باہر نکلتے ہیں اور اللہ تعالیٰ ہی پر۔ جو ہمارے رب ہیں۔ بھروسہ کرتے ہیں۔

(۳۸) اگر گھر خالی ہو تو اِس طرح سلام کریں:

اَلسَّلَامُ عَلَيْنَا وَعَلٰى عِبَادِ اللّٰهِ الصَّالِحِينَ.(۴۱)

ترجمہ: سلامتی ہو ہم پر اور اللہ کے نیک بندوں پر۔

(۳۹) جب بازار میں جائے تو یہ پڑھے:

لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهُ لَا شَرِيكَ لَهُ، لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ يُحْيِي وَيُمِيْتُ، وَهُوَ حَيٌّ لَّا يَمُوْتُ، بِيَدِهِ الْخَيْرُ وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيرٌ.(۴۲)

ترجمہ: اللہ تعالیٰ کے سوا کوئی معبود نہیں، وہ اکیلے ہیں، ان کا کوئی شریک نہیں، ان ہی کی بادشاہت ہے اور ان ہی کے لیے تمام تعریفیں

ہیں، وہی زندگی اور موت دیتے ہیں، وہ ہمیشہ زندہ ہیں انھیں موت نہیں آئے گی، ان ہی کے ہاتھ میں تمام بھلائی ہے اور وہ ہر چیز پر پوری قدرت رکھتے ہیں۔

(۴۰) وضو سے پہلے کی دعا:

بِسْمِ اللّٰهِ، وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ.(۴۳)

بِسْمِ اللّٰهِ الْعَظِيْمِ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ عَلٰى دِيْنِ الْإِسْلَامِ.(۴۴)

ترجمہ: بہت زیادہ عظمت والے اللہ تعالیٰ کے نام سے شروع کرتا ہوں اور تمام تعریفیں اللہ تعالیٰ کے لیے ہیں کہ انھوں نے دینِ اسلام عطا فرمایا۔

(۴۱) وضو کے درمیان کی دعا:

اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِيْ ذَنْبِيْ، وَوَسِّعْ لِيْ فِيْ دَارِيْ، وَبَارِكْ لِيْ فِيْ رِزْقِيْ.(۴۵)

ترجمہ: اے اللہ! میرے گناہوں کو معاف فرما دیجیے اور میرے گھر کو چوڑا (بڑا) فرما دیجیے اور میری روزی میں برکت عطا فرمائیے۔

(۴۲) وضو کے بعد کی دعا:

أَشْهَدُ أَنْ لَّا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهُ لَا شَرِيْكَ لَهُ، وَأَشْهَدُ أَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهُ وَرَسُولُهُ، اَللّٰهُمَّ اجْعَلْنِيْ مِنَ التَّوَّابِيْنَ، وَاجْعَلْنِيْ مِنَ الْمُتَطَهِّرِيْنَ.(۴۶)

ترجمہ: میں گواہی دیتا ہوں کہ یقیناً اللہ تعالیٰ کے علاوہ کوئی معبود نہیں ہے، وہ تنہا ہیں، ان کا کوئی شریک نہیں ہے، اور میں گواہی دیتا ہوں کہ یقیناً حضرت محمد ﷺ اللہ کے بندے اور ان کے رسول ہیں۔ اے اللہ! مجھے توبہ کرنے والوں میں شامل فرمایئے اور مجھے پاک صاف رہنے والوں میں سے بنایئے۔

(۴۳) جب اذان (کی آواز) سنیں تو پڑھیں:

أَشْهَدُ أَنْ لَّا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ، وَحْدَهُ لَا شَرِيْكَ لَهُ، وَأَشْهَدُ أَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهُ وَرَسُولُهُ، رَضِيْتُ بِاللّٰهِ رَبًّا، وَبِالْإِسْلَامِ دِيْنًا، وَبِمُحَمَّدٍ نَبِيًّا.(۴۷)

ترجمہ: میں اپنے اللہ کے رب ہونے اور اسلام کے دین ہونے

اور حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے نبی ہونے پر راضی ہوں۔

فائدہ: دوسری روایتوں سے معلوم ہوتا ہے کہ مؤذن جب «أَشْهَدُ أَنْ لَّا إِلٰهَ إِلَّا اللهُ» کہے تو اس کے جواب میں «أَشْهَدُ أَنْ لَّا إِلٰهَ إِلَّا اللهُ» کہے، پھر اوپر والی دعا پڑھیں۔

(۴۴) اذان کے بعد درود شریف پڑھ کر یہ دعا پڑھیں:

اَللّٰهُمَّ رَبَّ هَذِهِ الدَّعْوَةِ التَّامَّةِ، وَالصَّلَاةِ الْقَائِمَةِ، آتِ مُحَمَّدًا الْوَسِيلَةَ وَالْفَضِيلَةَ، وَابْعَثْهُ مَقَامًا مَحْمُودًا الَّذِي وَعَدْتَهُ.[۴۸] ﴿إِنَّكَ لَا تُخْلِفُ الْمِيعَادَ﴾[۴۹]

ترجمہ: اے اللہ! اے اِس مکمل دعوت (یعنی اذان) اور قائم رہنے والی نماز کے رب! حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کو وسیلہ اور فضیلت عطا فرمایئے، اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو وہ مقامِ محمود عطا فرمایئے جس کا آپ نے اُن سے وعدہ فرمایا ہے، یقیناً آپ ہرگز وعدہ خلافی نہیں کرتے۔

(۴۵) مسجد کے جماعت خانے میں داخل ہونے کی دعا:

بِسْمِ اللهِ وَالصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ عَلٰى رَسُوْلِ اللهِ.

اَللّٰهُمَّ افْتَحْ لِيْ أَبْوَابَ رَحْمَتِكَ.(۵۰)

ترجمہ: اللہ کا نام لے کر داخل ہوتا ہوں اور درود وسلام اترے اللہ کے رسول ﷺ پر۔

اے اللہ! میرے لیے اپنی رحمت کے دروازے کھول دیجیے۔

(۴۶) مسجد کے جماعت خانے سے نکلنے کی دعا:

بِسْمِ اللّٰهِ وَالصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ عَلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ.

اَللّٰهُمَّ إِنِّي أَسْأَلُكَ مِنْ فَضْلِكَ.(۵۱)

ترجمہ: اللہ تعالیٰ کا نام لے کر نکلتا ہوں اور درود وسلام اترے اللہ کے رسول ﷺ پر۔

اے اللہ! میں آپ سے آپ کا فضل مانگتا ہوں۔

(۴۷) مسجد سے نکلنے کی دوسری دعا:

اَللّٰهُمَّ اعْصِمْنِيْ مِنَ الشَّيْطَانِ الرَّجِيْمِ.(۵۲)

ترجمہ: اے اللہ! مجھے شیطان مردود کی برائی سے حفاظت میں رکھیے۔

(۴۸) قومہ؛ یعنی رکوع سے اٹھ کر پڑھنے کی دعا:

رَبَّنَا وَلَكَ الْحَمْدُ. (۵۳)

رَبَّنَا وَلَكَ الْحَمْدُ حَمْدًا كَثِيْرًا طَيِّبًا مُبَارَكًا فِيْهِ. (۵۴)

ترجمہ: اے ہمارے رب! اور آپ ہی کے لیے تمام تعریفیں ہیں، ایسی تعریفیں جو بہت زیادہ ہوں، پاکیزہ ہوں اور برکت والی ہوں۔

فائدہ: جب کوئی شخص یہ دعا پڑھتا ہے تو تیس سے زیادہ فرشتے ایک دوسرے سے آگے بڑھنے کی کوشش کرتے ہیں کہ ان میں سے کون پہلے اس کا ثواب لکھے۔

(۴۹) جلسہ؛ یعنی دو سجدوں کے درمیان پڑھنے کی دعا:

اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِيْ، وَارْحَمْنِيْ، وَعَافِنِيْ، وَاهْدِنِيْ، وَارْزُقْنِيْ. (۵۵)

ترجمہ: اے اللہ! مجھے معاف فرما دیجیے اور مجھ پر رحم فرمائیے اور مجھے عافیت عطا فرمائیے اور مجھے ہدایت دیجیے اور مجھے روزی دیجیے۔

(۵۰) فرض نماز کے بعد پڑھنے کی دعا:

اَللّٰهُمَّ أَعِنِّيْ عَلٰى ذِكْرِكَ، وَشُكْرِكَ، وَحُسْنِ عِبَادَتِكَ. (۵۶)

ترجمہ: اے اللہ! اپنے ذکر، شکر اور اچھے طریقے سے عبادت کرنے پر میری مدد فرمایئے۔

(۵۱) فرض نماز کے بعد کی دوسری دعا:

لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهُ لَا شَرِيْكَ لَهُ، لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ، وَهُوَ عَلَى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيرٌ، اَللّٰهُمَّ لَا مَانِعَ لِمَا أَعْطَيْتَ، وَلَا مُعْطِيَ لِمَا مَنَعْتَ، وَلَا يَنْفَعُ ذَا الْجَدِّ مِنْكَ الْجَدُّ۔ (۵۷)

ترجمہ: اللہ تعالیٰ کے سوا کوئی معبود نہیں، وہ یکتا ہیں، ان کا کوئی شریک نہیں، ساری بادشاہت ان ہی کی ہے، اور ساری تعریفیں ان ہی کی ہیں اور وہ ہر چیز پر قدرت رکھتے ہیں، اے اللہ! آپ جس کو (نعمتیں) عطا کریں اسے کوئی روکنے والا نہیں اور آپ جس سے (اپنے انعام کو) روک لیں اس کو کوئی دینے والا نہیں اور آپ کے دربار میں کسی بھی مال دار کی مال و دولت کوئی فائدہ پہنچانے والی نہیں ہے۔

* * *

دوسرا حصہ: متفرق دعائیں
(ان کی بھی کبھی کبھی ضرورت ہوتی ہے)

(۵۲) سفر کے ارادے کے وقت کی دعا:

بِسْمِ اللّٰهِ، حَسْبِيَ اللّٰهُ، تَوَكَّلْتُ عَلَى اللّٰهِ.[٥٨]

ترجمہ: اللہ تعالیٰ کا نام لے کر سفر میں نکلتا ہوں، میرے لیے اللہ تعالیٰ کافی ہیں، میں نے اللہ تعالیٰ پر بھروسہ کیا۔

(۵۳) سوار ہوتے وقت پڑھے:

بِسْمِ اللّٰهِ.[٥٩]

(۵۴) سوار ہو جانے کے بعد پڑھے:

﴿سُبْحَانَ الَّذِيْ سَخَّرَ لَنَا هٰذَا وَمَا كُنَّا لَهُ مُقْرِنِيْنَ ﴿۱۳﴾ وَ إِنَّآ إِلٰى رَبِّنَا لَمُنْقَلِبُوْنَ ﴿۱۴﴾﴾[٦٠]

ترجمہ: پاک ہے وہ (اللہ تعالیٰ کی) ذات جس نے اس (سواری) کو ہمارے قابو میں دے دیا، اور ہم تو اس (سواری) کو (اپنے)

قابو میں کرنے کی طاقت نہیں رکھتے تھے اور ہم اپنے رب کی طرف ضرور لوٹنے والے ہیں۔ (تیسیر القرآن)

(۵۵) منزل پر پہنچنے کی دعا (تین مرتبہ کہے):

اَللّٰهُمَّ بَارِكْ لَنَا فِيْهَا.[٦١]

ترجمہ: اے اللہ! ہمارے لیے اس (بستی) میں برکت کر دیجیے۔

(۵۶) منزل پر پہنچ کر پھر پڑھے:

اَللّٰهُمَّ ارْزُقْنَا جنَاهَا، (وَجَنِّبْنَا وَبَاهَا) وَحَبِّبْنَا إِلٰى أَهْلِهَا، وَحَبِّبْ صَالِحِيْ أَهْلِهَا إِلَيْنَا.[٦٢]

ترجمہ: اے اللہ! آپ ہمیں اس بستی کے پھل (فائدے) نصیب فرمایئے (اور یہاں کی وبا سے حفاظت میں رکھیے) اور یہاں کے رہنے والوں کے دلوں میں ہماری محبت پیدا فرما دیجیے اور یہاں کے نیک لوگوں کی محبت ہمارے دلوں میں پیدا فرما دیجیے۔

(۵۷) سفر سے واپسی کی دعا:

آيِبُوْنَ تَائِبُوْنَ عَابِدُوْنَ، لِرَبِّنَا حَامِدُوْنَ.[٦٣]

ترجمہ: ہم واپس ہو رہے ہیں، ہم توبہ کرنے والے، عبادت کرنے والے اور اپنے رب کی تعریف کرنے والے ہیں۔

(۵۸) کسی کو روانہ کرنے کی دعا:

أَسْتَوْدِعُ اللّٰهَ دِيْنَكَ وَأَمَانَتَكَ وَخَوَاتِيْمَ عَمَلِكَ.(۶۴)

ترجمہ: میں تمہارے دین، تمہاری امانت اور تمہارے آخری اعمال اللہ تعالیٰ کو سونپتا ہوں۔

(۵۹) ڈوبنے سے حفاظت کی دعا:

جو شخص سورۂ ہود کی یہ آیت: ﴿وَقَالَ ارْكَبُوْا فِيْهَا بِسْمِ اللّٰهِ مَجْرٖىهَا وَمُرْسٰىهَا ۚ إِنَّ رَبِّيْ لَغَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ﴾(۶۵) اور سورۂ زمر کی یہ آیت: ﴿وَمَا قَدَرُوا اللّٰهَ حَقَّ قَدْرِهٖ وَالْأَرْضُ جَمِيْعًا قَبْضَتُهٗ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ وَالسَّمٰوٰتُ مَطْوِيّٰتٌۢ بِيَمِيْنِهٖ ۚ سُبْحٰنَهٗ وَتَعٰلٰى عَمَّا يُشْرِكُوْنَ﴾(۶۶) پڑھ کر سمندر میں سوار ہو تو وہ ڈوبنے سے حفاظت میں رہے گا۔

نوٹ: ایسے ہر سفر میں پڑھ لینے سے بھی فائدہ ہو گا۔

(۶۰) بیمار کی ملاقات کے وقت (۷/ مرتبہ پڑھے):

أَسْأَلُ اللهَ الْعَظِيْمَ رَبَّ الْعَرْشِ الْعَظِيمِ أَنْ يَّشْفِيَكَ.(۶۷)

ترجمہ: میں عظمت والے اللہ سے جو بڑے عرش کے مالک ہیں تمھاری شفا کے لیے دعا کرتا ہوں۔

(۶۱) عیادت کے وقت پھر یہ پڑھے:

لَا بَأْسَ طَهُورٌ إِنْ شَاءَ اللهُ.(۶۸)

ترجمہ: فکر کی کوئی بات نہیں، اگر اللہ نے چاہا تو یہ بیماری گناہوں سے پاک کرنے کا ذریعہ بنے گی۔

(۶۲) عیادت کے وقت بیمار کے سینے اور چہرے پر ہاتھ پھیرتے ہوئے یہ دعا پڑھے:

اَللّٰهُمَّ رَبَّ النَّاسِ، أَذْهِبِ الْبَاسَ، اِشْفِهِ وَأَنْتَ الشَّافِي، لَا شِفَاءَ إِلَّا شِفَاؤُكَ، شِفَاءً لَا يُغَادِرُ سَقَمًا.(۶۹)

ترجمہ: اے لوگوں کے رب! تکلیف کو دور فرما دیجیے اور شفا عطا کر دیجیے، آپ ہی شفا دینے والے ہیں، آپ کی شفا کے سوا کوئی شفا

نہیں، ایسی شفا جو کسی بیماری کو باقی نہ چھوڑے۔

(۶۳) کسی کو مصیبت یا ایکسڈنٹ میں دیکھ کر پڑھنے کی دعا:

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ الَّذِيْ عَافَانِيْ مِمَّا ابْتَلَاكَ بِهِ، وَفَضَّلَنِيْ عَلٰى كَثِيرٍ مِمَّنْ خَلَقَ تَفْضِيلًا.(۷۰)

ترجمہ: تمام تعریفیں اللہ تعالیٰ کے لیے ہیں جنھوں نے مجھے اس مصیبت سے بچایا جس میں تو مبتلا ہے اور مجھے اپنی مخلوق میں سے بہت سارے لوگوں پر فضیلت عطا فرمائی۔

فائدہ: اس دعا کی برکت سے وہ مصیبت یا تکلیف اس دعا پڑھنے والے کو نہیں لگے گی، ان شاء اللہ!

(۶۴) بارش ہو تو یہ دعا پڑھے:

اَللّٰهُمَّ صَيِّبًا نَافِعًا.(۷۱)

ترجمہ: اے اللہ! موسلا دھار اور فائدے والی بارش عطا فرمائیے۔

(۶۵) بارش نہ ہو تو یہ دعا (تین مرتبہ) پڑھیں:

اَللّٰهُمَّ أَغِثْنَا.(۷۲)

ترجمہ: اے اللہ! ہم پر بارش برسایئے۔

(٦٦) سخت آندھی یا بادل گرجے اس وقت پڑھنے کی دعا:

اَللّٰهُمَّ إِنِّي أَسْأَلُكَ خَيْرَهَا، وَخَيْرَ مَا فِيْهَا، وَخَيْرَ مَا أُرْسِلَتْ بِهِ، وَأَعُوْذُ بِكَ مِنْ شَرِّهَا، وَشَرِّ مَا فِيْهَا، وَشَرِّ مَا أُرْسِلَتْ بِهِ.(۷۳)

ترجمہ: اے اللہ! میں آپ سے اس کی خیر اور بھلائی کا سوال کرتا ہوں اور جو اس میں ہے اس کی اور جو کچھ اس کے ذریعے بھیجا گیا ہے اس کی خیر (مانگتا ہوں)، اور اس کے شر سے اور جو کچھ اس میں ہے اور جو اس میں بھیجا گیا ہے اس کے شر سے آپ کی حفاظت میں آتا ہوں۔

(٦٧) بادل گرجنے وغیرہ کی دوسری دعا:

سُبْحَانَ الَّذِيْ يُسَبِّحُ الرَّعْدُ بِحَمْدِهِ وَالْمَلَائِكَةُ مِنْ خِيْفَتِهِ.(۷۴)

ترجمہ: پاک ہے وہ (اللہ تعالیٰ کی) ذات جن کی پاکی بیان کرتی ہے کڑک ان کی تعریف کے ساتھ، اور فرشتے بھی ان کے خوف سے

(عیب سے پاک ہونا بتاتے اور مانتے ہیں)۔

(٦٨) جب نیا چاند دیکھے تو یہ دعا پڑھے:

اَللّٰهُمَّ أَهِلَّهُ عَلَيْنَا بِالْيُمْنِ وَالْإِيْمَانِ، وَالسَّلَامَةِ وَالْإِسْلَامِ، رَبِّيْ وَرَبُّكَ اللّٰهُ.[٧٥]

ترجمہ: اے اللہ! اس (چاند) کو ہمارے لیے برکت، ایمان، سلامتی اور اسلام کے ساتھ ظاہر فرما دیجیے (اے چاند!) میرے اور تیرے پالنے والے اللہ تعالیٰ ہیں۔

(٦٩) رجب اور شعبان میں یہ دعا پڑھے:

اَللّٰهُمَّ بَارِكْ لَنَا فِيْ رَجَبَ وَشَعْبَانَ، وَبَلِّغْنَا رَمَضَانَ.[٧٦]

ترجمہ: اے اللہ! آپ ہمارے لیے رجب اور شعبان میں برکت عطا فرمائیے اور ہم کو رمضان تک پہنچائیے۔

(٧٠) افطار کی دعا:

اَللّٰهُمَّ لَكَ صُمْتُ، وَعَلٰى رِزْقِكَ أَفْطَرْتُ.[٧٧]

ترجمہ: اے اللہ! میں نے آپ ہی کے لیے روزہ رکھا اور آپ

ہی کی دی ہوئی روزی سے افطار کیا۔

(۷۱) افطار کے بعد کی دعا:

ذَهَبَ الظَّمَأُ وَابْتَلَّتِ الْعُرُوْقُ وَثَبَتَ الْأَجْرُ إِنْ شَاءَ اللّٰهُ.(۷۸)

ترجمہ: پیاس ختم ہوگئی، اور رگیں تر ہوگئیں، اور ان شاء اللہ! ثواب پکّا ہوگیا۔

(۷۲) زم زم پیتے وقت کی دعا:

اَللّٰهُمَّ إِنِّيْ أَسْأَلُكَ عِلْمًا نَافِعًا، وَرِزْقًا وَاسِعًا، وَشِفَاءً مِنْ كُلِّ دَاءٍ.(۷۹)

ترجمہ: اے اللہ! میں آپ سے فائدے والے علم، زیادہ روزی اور ہر بیماری سے شفا کا سوال کرتا ہوں۔

(۷۳) موسم کا نیا پھل پاس آوے تو یہ دعا پڑھے:

اَللّٰهُمَّ! بَارِكْ لَنَا فِي ثَمَرِنَا، وَبَارِكْ لَنَا فِي مَدِيْنَتِنَا، وَبَارِكْ لَنَا فِيْ صَاعِنَا، وَبَارِكْ لَنَا فِيْ مُدِّنَا.(۸۰)

ترجمہ: اے اللہ! ہمارے پھلوں میں برکت عطا فرمایئے اور ہمارے شہر میں برکت عطافرمایئے اور ہماری ناپ تول (کر استعمال کرنے والی چیزوں) میں برکت عطا فرمایئے۔

(۷۴) دولہا، دلہن کو نکاح کے بعد مبارک بادی دینے کے کلمات:

بَارَكَ اللّٰهُ لَكَ، وَبَارَكَ عَلَيْكَ، وَجَمَعَ بَيْنَكُمَا فِيْ خَيْرٍ.(۸۱)

ترجمہ: اللہ تعالیٰ تمہاری شادی مبارک کرے اور تم پر برکتیں اتاریں اور بھلائی کے ساتھ تم دونوں کے درمیان محبت پیدا فرمائے۔

(۷۵) بیوی سے پہلی ملاقات کے وقت کی دعا:

اَللّٰهُمَّ إِنِّي أَسْأَلُكَ خَيْرَهَا، وَخَيْرَ مَا جَبَلْتَهَا عَلَيْهِ، وَأَعُوذُ بِكَ مِنْ شَرِّهَا وَشَرِّ مَا جَبَلْتَهَا عَلَيْهِ.(۸۲)

ترجمہ: اے اللہ! میں آپ سے اس عورت کی بھلائی اور اس کی اس فطرت کی بھلائی مانگتا ہوں جس پر آپ نے اسے پیدا کیا، اور اس کے شر اور اس کی اس فطرت کے شر سے حفاظت مانگتا ہوں جس پر آپ نے اسے پیدا کیا۔

(۷۶) جماع کے وقت کی دعا:

بِسْمِ اللّٰهِ، اَللّٰهُمَّ جَنِّبْنَا الشَّيْطَانَ وَجَنِّبِ الشَّيْطَانَ مَا رَزَقْتَنَا.[۸۳]

ترجمہ: اللہ کے نام سے، اے اللہ! ہمیں شیطان سے دور رکھیے اور جو رزق (اولاد) آپ ہمیں عطا فرمائیں اس سے بھی شیطان کو دور رکھیے۔

(۷۷) منی نکلنے کے وقت (انزال کی دعا):

اَللّٰهُمَّ لَا تَجْعَلْ لِلشَّيْطَانِ فِيْمَا رَزَقْتَنِيْ نَصِيْبًا.[۸۴]

ترجمہ: اے اللہ! جو کچھ (اولاد) آپ مجھے عطا فرمائیں اس میں شیطان کا کوئی حصہ نہ بنائیے۔

(۷۸) نکاح کے بعد نیک اولاد کے لیے قرآنی دعائیں:

﴿رَبِّ هَبْ لِيْ مِنَ الصّٰلِحِيْنَ﴾[۸۵]

﴿رَبِّ هَبْ لِيْ مِنْ لَّدُنْكَ ذُرِّيَّةً طَيِّبَةً ۚ إِنَّكَ سَمِيْعُ الدُّعَآءِ﴾[۸۶]

(۷۹) گھر والے، اولاد اور نسلوں کی دین داری کے لیے دعائیں:

﴿رَبَّنَا وَاجۡعَلۡنَا مُسۡلِمَيۡنِ لَكَ وَمِنۡ ذُرِّيَّتِنَآ أُمَّةً مُّسۡلِمَةً لَّكَ وَأَرِنَا مَنَاسِكَنَا وَتُبۡ عَلَيۡنَآ ۖ إِنَّكَ أَنۡتَ التَّوَّابُ الرَّحِيۡمُ﴾ (۸۷)

﴿رَبِّ اجۡعَلۡنِيۡ مُقِيۡمَ الصَّلٰوةِ وَمِنۡ ذُرِّيَّتِيۡ ۚ رَبَّنَا وَتَقَبَّلۡ دُعَآءِ﴾ (۸۸)

(۸۰) والدین کے لیے دعا:

﴿رَبِّ ارۡحَمۡهُمَا كَمَا رَبَّيَانِيۡ صَغِيۡرًا﴾ (۸۹)

ترجمہ: اے میرے رب! ان دونوں (والدین) پر رحم فرمایئے جس طرح انھوں نے بچپن میں میری پرورش کی۔

(۸۱) دشمن کے خوف و ڈر کے وقت یہ دعا پڑھے:

اَللّٰهُمَّ إِنَّا نَجۡعَلُكَ فِيۡ نُحُوۡرِهِمۡ، وَنَعُوۡذُ بِكَ مِنۡ شُرُوۡرِهِمۡ. (۹۰)

ترجمہ: اے اللہ! ہم آپ کو ان (دشمنوں) کے سامنے کرتے ہیں اور ان کی شرارتوں سے آپ کی حفاظت چاہتے ہیں۔

اَللّٰهُمَّ اسْتُرْ عَوْرَاتِيْ وَآمِنْ رَوْعَاتِيْ.(۹۱)

ترجمہ: اے اللہ! میرے عیبوں پر پردہ ڈال دیجیے اور میری گھبراہٹوں کو امن وسکون میں بدل دیجیے۔

اَللّٰهُمَّ مُنْزِلَ الْكِتَابِ وَمُجْرِيَ السَّحَابِ وَهَازِمَ الْأَحْزَابِ اهْزِمْهُمْ وَانْصُرْنَا عَلَيْهِمْ.(۹۲)

ترجمہ: اے اللہ! اے کتاب اتارنے والے! بادلوں کو چلانے والے! لشکروں کو ہرانے والے! ان دشمنوں کو ہرادیجیے اور ان کے خلاف ہماری مدد فرمائیے۔

يَا صَرِيْخَ الْمَكْرُوبِيْنَ! وَيَا مُجِيْبَ الْمُضْطَرِّيْنَ! اِكْشِفْ هَمِّيْ وَغَمِّيْ وَكَرْبِيْ، فَإِنَّكَ تَرٰى مَا نَزَلَ بِيْ وَبِأَصْحَابِيْ.(۹۳)

ترجمہ: اے پریشان لوگوں کی فریاد سننے والے (اللہ تعالیٰ)! اور اے بے بس اور مجبوروں کی دعا قبول کرنے والے (اللہ تعالیٰ)! میری پریشانی، میرا غم اور میری تکلیف دور فرما دیجیے، یقیناً آپ اس مصیبت کو دیکھ رہے ہیں جو مجھ پر اور میرے ساتھیوں پر اتر آئی ہے۔

نوٹ: یہ چار دعائیں حضرت نبیِ کریم ﷺ نے غزوۂ خندق کے موقع پر اللہ تعالیٰ سے مانگی تھیں، آج کے حالات میں ان دعاؤں کے مانگنے کا اہتمام کرنا چاہیے۔

(٨٢) ارتداد سے بچنے کے لیے خاص قرآنی دعائیں:

﴿رَبَّنَا وَاجْعَلْنَا مُسْلِمَيْنِ لَكَ وَمِنْ ذُرِّيَّتِنَآ أُمَّةً مُّسْلِمَةً لَّكَ وَأَرِنَا مَنَاسِكَنَا وَتُبْ عَلَيْنَآ ۚ إِنَّكَ أَنْتَ التَّوَّابُ الرَّحِيْمُ﴾ (٩٤)

ترجمہ: اے ہمارے رب! اور آپ ہم کو اپنا پورا فرماں بردار بنا دیجیے، اور ہماری اولاد میں سے بھی ایک ایسی جماعت (یعنی امّت) پیدا کر دیجیے جو آپ کی پوری فرماں بردار ہو، اور آپ ہم کو ہماری عبادتوں کے طریقے سکھلا دیجیے، اور آپ ہماری توبہ قبول کر لیجیے (اے اللہ!) یقیناً آپ ہی بہت توبہ قبول کرنے والے، بڑے رحم کرنے والے ہیں۔

اَللّٰهُمَّ حَبِّبْ إِلَيْنَا الْإِيْمَانَ، وَزَيِّنْهُ فِيْ قُلُوْبِنَا، وَكَرِّهْ إِلَيْنَا

الْكُفْرَ وَالْفُسُوْقَ وَالْعِصْيَانَ، وَاجْعَلْنَا مِنَ الرَّاشِدِيْنَ.(۹۵)

ترجمہ: اے اللہ! ہمارے لیے ایمان کو محبوب بنا دیجیے اور اسے ہمارے دلوں میں مزین کر دیجیے، اور ہمارے لیے کفر، گناہ اور نافرمانی ناپسندیدہ کر دیجیے اور ہمیں ہدایت والے لوگوں میں شامل فرمائیے۔

(۸۳) دجالی فتنوں سے بچنے کی دعائیں:

حضرت اقدس مفتی احمد خانپوری صاحب دامت برکاتہم العالیہ نے جامعہ ڈابھیل کے سالانہ اجلاسِ دستار بندی ۲۰۲۶ء میں فرمایا کہ: دیکھو دجال تو ابھی نہیں آیا؛ لیکن دجال کے فتنے آ چکے ہیں، لہٰذا حضرت تھانوی رحمۃ اللہ علیہ نے حضرت گنگوہی رحمۃ اللہ علیہ کو لکھا تھا کہ روزانہ صبح کو ان تین دعاؤں کا اہتمام کرتا ہوں۔

حضرت نے بھی خصوصی اہتمام کی تاکید فرمائی ہے:

﴿اِهْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيْمَ ۝۶﴾(۹۶)

ترجمہ: اے اللہ! ہمیں سیدھے راستے کی ہدایت فرمائیے۔

﴿رَبَّنَا لَا تُزِغْ قُلُوْبَنَا بَعْدَ إِذْ هَدَيْتَنَا وَهَبْ لَنَا مِنْ

لَّدُنْكَ رَحْمَةً ۚ إِنَّكَ أَنْتَ الْوَهَّابُ ﴿٨﴾ (٩٧)

ترجمہ: (عقل والے لوگ یہ دعا کرتے ہیں کہ) اے ہمارے رب! جب آپ ہم کو ہدایت دے چکے تو اب اس (ہدایت) کے بعد ہمارے دلوں میں (دین سے دور ہوا ایسا) ٹیڑھا پن پیدا نہ ہونے دیجیے اور (خاص) اپنے پاس سے آپ ہم کو رحمت عطا فرمایئے، یقینی بات ہے کہ آپ ہی سب سے زیادہ دینے والے ہیں۔

اَللّٰهُمَّ أَرِنَا الْحَقَّ حَقًّا، وَارْزُقْنَا اتِّبَاعَهُ، وَأَرِنَا الْبَاطِلَ بَاطِلًا، وَارْزُقْنَا اجْتِنَابَه. (٩٨)

ترجمہ: اے اللہ! ہمیں حق کو حق دکھایئے اور اس کی پیروی کی توفیق دیجیے، اور باطل کو باطل دکھایئے اور اس سے بچنے کی توفیق عطا فرمایئے۔

(۸۴) مشکل کام کے وقت کی دعا:

اَللّٰهُمَّ لَا سَهْلَ إِلَّا مَا جَعَلْتَهُ سَهْلًا، وَأَنْتَ تَجْعَلُ الْحَزْنَ

سَهْلًا إِذَا شِئْتَ.[۹۹]

ترجمہ: اے اللہ! کوئی کام آسان نہیں مگر وہی جسے آپ آسان بنادیں، اور آپ جب چاہیں غم (اور مشکل) کو آسان بنادیتے ہیں۔

(۸۵) جنت مانگنے کی دعا (تین مرتبہ):

اَللّٰهُمَّ إِنِّيْ أَسْأَلُكَ رِضَاكَ وَالْجَنَّةَ.[۱۰۰]

ترجمہ: اے اللہ! میں آپ سے آپ کی خوشی اور جنت کا سوال کرتا ہوں۔

(۸۶) جہنم سے حفاظت مانگنے کی دعا (تین مرتبہ):

اَللّٰهُمَّ أَجِرْنِيْ مِنَ النَّارِ.[۱۰۱]

ترجمہ: اے اللہ! مجھے دوزخ کی آگ سے بچا لیجیے۔

(۸۷) مجلس سے اٹھتے وقت کی دعا:

سُبْحَانَكَ اللّٰهُمَّ وَبِحَمْدِكَ، أَشْهَدُ أَنْ لَّا إِلٰهَ إِلَّا أَنْتَ أَسْتَغْفِرُكَ وَأَتُوبُ إِلَيْكَ.[۱۰۲]

ترجمہ: اے اللہ! آپ کی ذات پاک ہے، اور تمام تعریفیں آپ

کے لیے خاص ہیں، میں اس بات کی گواہی دیتا ہوں کہ آپ کے سوا کوئی معبود نہیں ہے، میں آپ سے گناہوں کی معافی مانگتا ہوں اور توبہ کرتا ہوں۔

پھر یہ آیت پڑھے:

﴿سُبْحَانَ رَبِّكَ رَبِّ الْعِزَّةِ عَمَّا يَصِفُوْنَ ﴿۱۸۰﴾ وَسَلٰمٌ عَلَى الْمُرْسَلِيْنَ ﴿۱۸۱﴾ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ﴾ (۱۰۳)

ترجمہ: تمھارے رب جو عزت والے ہیں، پاک ہیں ان سب (غلط) باتوں سے جو یہ لوگ بناتے ہیں، اور رسولوں پر سلامتی اترے اور تمام تعریف اس اللہ تعالیٰ کے لیے خاص ہے جو تمام عالموں کے رب ہیں۔

فائدہ: سبق کے بعد چھٹی کے وقت، بیان کے بعد اور ہر دینی مجلس کے بعد بھی یہ دعا پڑھیں۔

(۸۸) غصّے کے وقت کی دعا:

أَعُوذُ بِاللهِ مِنَ الشَّيْطَانِ الرَّجِيْمِ. (۱۰۴)

ترجمہ: میں اللہ تعالیٰ کی حفاظت چاہتا ہوں شیطان مردود سے۔

(٨٩) مصافحہ کرتے وقت:

يَغْفِرُ اللّٰهُ لَنَا وَلَكُمْ. (١٠٥)

ترجمہ: اللہ تعالیٰ ہمارے اور تمہارے گناہوں کو معاف فرمائے۔

(٩٠) کسی نے سلام کہلوایا ہو تو اس کا جواب اس طرح دیں:

عَلَيْكَ وَعَلَيْهِ السَّلَامُ. (١٠٦)

ترجمہ: تم پر بھی سلامتی ہو اور اس (سلام بھیجنے والے) پر بھی۔

(٩١) جب کسی کو ہنستا ہوا دیکھے تو:

أَضْحَكَ اللّٰهُ سِنَّكَ. (١٠٧)

ترجمہ: اللہ تعالیٰ آپ کو ہمیشہ ہنستا رکھے۔

(٩٢) جب اچھی چیز دیکھے تو:

مَا شَاءَ اللّٰهُ، لَا قُوَّةَ إِلَّا بِاللّٰهِ. (١٠٨)

ترجمہ: وہی ہوتا ہے جو اللہ چاہتے ہیں، اللہ تعالیٰ کی مدد کے بغیر کوئی طاقت نہیں۔

فائدہ: یہ دعا پڑھنے سے اس چیز کو نظر نہیں لگے گی۔

(۹۳) جب کسی اچھی چیز کو دیکھے تو (دوسری دعا):

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ بِنِعْمَتِهِ تَتِمُّ الصَّالِحَاتُ.(۱۰۹)

ترجمہ: سب تعریفیں اسی اللہ کے لیے ہیں جن کے انعام سے اچھے کام پورے ہوتے ہیں۔

(۹۴) جب پسند نہ ہو ایسی چیز یا بات پیش آئے تو پڑھے:

قَدَّرَ اللّٰهُ وَمَا شَاءَ فَعَلَ.(۱۱۰)

ترجمہ: اللہ تعالیٰ نے تقدیر میں ایسا ہی لکھ رکھا تھا اور جو انھوں نے چاہا کیا۔

الْحَمْدُ لِلّٰهِ عَلَى كُلِّ حَالٍ.(۱۱۱)

ترجمہ: ہر حال میں اللہ کا شکر ہے۔

(۹۵) جب مرغ کی آواز سنے تو کہے:

اَللّٰهُمَّ إِنِّي أَسْئَلُكَ مِنْ فَضْلِكَ.(۱۱۲)

ترجمہ: اے اللہ! میں آپ سے آپ کا فضل مانگتا ہوں۔

(۹۶) ایمان پر حسنِ خاتمہ کے لیے قرآنی ومسنون دعائیں:

﴿فَاطِرَ السَّمٰوَاتِ وَالْأَرْضِ أَنْتَ وَلِيّ فِى الدُّنْيَا وَالْآخِرَةِ تَوَفَّنِىْ مُسْلِمًا وَّأَلْحِقْنِىْ بِالصّٰلِحِينَ﴾ (۱۱۳)

روزانہ ۲۵/ مرتبہ:

اَللّٰهُمَّ بَارِكْ لِيْ فِي الْمَوْت وَفِي مَا بَعْدَ الْمَوْتِ.(۱۱۴)

(۹۷) جب موت قریب دیکھے تو یہ دعا پڑھے:

اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِيْ وَارْحَمْنِيْ، وَأَلْحِقْنِيْ بِالرَّفِيْقِ الْأَعْلٰى.(۱۱۵)

ترجمہ: اے اللہ! مجھے معاف فرما دیجیے، مجھ پر رحم فرمائیے اور مجھے رفیقِ اعلیٰ (یعنی اللہ اور ملائکہ) کے ساتھ ملا دیجیے۔

(۹۸) جب روح نکلنے کی تیاری ہو تب یہ دعا پڑھے:

اَللّٰهُمَّ أَعِنِّي عَلٰى غَمَرَاتِ الْمَوْتِ وَسَكَرَاتِ الْمَوتِ.(۱۱۶)

ترجمہ: اے اللہ! موت کی سختیوں اور موت کی بے ہوشیوں پر میری مدد فرما۔

* * *

(۹۹) جب موت واقع ہو جائے یا کوئی بھی نقصان ہو جائے تو یہ دعا پڑھے:

إِنَّا لِلّٰهِ وَإِنَّا إِلَيْهِ رَاجِعُونَ. اَللّٰهُمَّ اؤْجُرْنِيْ فِيْ مُصِيْبَتِيْ وَأَخْلِفْ لِيْ خَيْرًا مِنْهَا.(۱۱۷)

ترجمہ: یقیناً ہم اللہ ہی کے ہیں اور ہمیں ان ہی کی طرف لوٹ کر جانا ہے، اے اللہ! مجھے میری اس مصیبت پر اجر عطا فرما اور مجھے اس سے بہتر بدل نصیب فرمائیے۔

(۱۰۰) قبرستان میں داخل ہونے کی دعا:

اَلسَّلَامُ عَلَيْكُمْ أَهْلَ الدِّيَارِ مِنَ الْمُؤْمِنِينَ وَالْمُسْلِمِينَ، وَإِنَّا إِنْ شَاءَ اللّٰهُ بِكُمْ لَاحِقُونَ، نَسْأَلُ اللّٰهَ لَنَا وَلَكُمُ الْعَافِيَةَ.(۱۱۸)

ترجمہ: اس جگہ کے مؤمنین اور مسلمین! تم پر سلامتی ہو، ان شاء اللہ! ہم بھی تم سے (موت کے بعد) ضرور ملیں گے، ہم اللہ تعالیٰ سے اپنے لیے اور تمہارے لیے عافیت مانگتے ہیں۔

نوٹ: (١) دعاؤں کے لیے جو وقت لکھا گیا ہے، اسی وقت میں یہ دعائیں پڑھنے سے ان کا پورا فائدہ حاصل ہوتا ہے۔ اس لیے ہر دعا کو لکھے ہوئے وقت اور ترتیب کے مطابق ہی پڑھا جائے۔

(٢) جن دعاؤں کے ساتھ "صبح" کا لفظ لکھا ہوا ہے، وہ دعائیں آدھی رات کے بعد سے لے کر زوال سے پہلے تک پڑھی جا سکتی ہیں۔ اور جن دعاؤں کے ساتھ "شام" کا لفظ لکھا ہوا ہے، وہ دعائیں زوال کے بعد سے لے کر آدھی رات سے پہلے تک پڑھی جا سکتی ہیں۔

(٣) جن دعاؤں میں ایسا لفظ آیا ہو کہ "دن میں ایک مرتبہ پڑھنا"، وہ صبحِ صادق کے بعد سے لے کر سورج ڈوبنے (غروب ہونے) سے پہلے پہلے تک پڑھ لینی چاہیے۔ اور جو دعا "رات کو پڑھنے" کے لیے لکھی ہو، وہ دعا سورج ڈوبنے کے بعد سے لے کر صبحِ صادق سے پہلے پہلے کے وقت میں پڑھ لینی چاہیے۔

[شامي: ٣/ ٣١٦]

حوالہ جات

(١) المعجم الأوسط: ٢٢٤٧
(٢) سنن أبي داود: ٣٧٦٧
(٣) الدعاء - الطبراني: ٨٨٨
(٤) سنن الترمذي: ٣٤٥٧
(٥) سنن الترمذي: ٣٤٥٨
(٦) صحيح البخاري: ٥٤٥٨، سنن ابن ماجه: ٣٢٨٤
(٧) مسند أحمد: ٢٣٨٠٩، صحيح مسلم: ٢٠٥٥
(٨) سنن أبي داود: ٣٨٥٤
(٩) سنن الترمذي: ٣٥٧٦
(١٠) سنن الترمذي: ٣٤٥٥
(١١) المعجم الأوسط ٦٤٥٢
(١٢) المعجم الأوسط: ٦٤٥٢
(١٣) كنز العمال: ١٨٢٢٦
(١٤) صحيح البخاري: ٦٣٢٢
(١٥) سنن ابن ماجه: ٣٠٠، ٣٠١
(١٦) مصنف ابن أبي شيبة: ٥، ٦/٢

(١٧) صحيح البخاري: ٦٣١٤

(١٨) صحيح البخاري: ٦٣٢٠

(١٩) سنن أبي داود: ٥٠٤٥

(٢٠) صحيح البخاري: ٦٣١٥

(٢١) المعجم الكبير للطبراني: ٤٨١٧

(٢٢) صحيح البخاري: ١١٥٤

(٢٣) السنن الكبرى: ٧٦٤١، المستدرك على الصحيحين: ٢٠٠٣

(٢٤) صحيح البخاري: ١١٢٠

(٢٥) سنن أبي داود: ٥٠٨٥

(٢٦) آل عمران: ١٩٠-٢٠٠، صحيح البخاري: ٤٥٧٢

(٢٧) صحيح البخاري: ٦٣١٤

(٢٨) سنن أبي داود: ٥٠٨٤

(٢٩) سنن أبي داود: ٥٠٨٤

(٣٠) صحيح مسلم: ٧٢٢

(٣١) سنن أبي داود: ٥٠٧٣، عمل اليوم والليلة لابن السني: ٤١

(٣٢) سنن أبي داود: ٥٠٧٣، عمل اليوم والليلة لابن السني: ٤١

(٣٣) سنن أبي داود: ٤٠٢٣

(٣٤) سنن أبي داود: ٤٠٢٠
(٣٥) سنن الترمذي: ٣٥٦٠
(٣٦) عمل اليوم والليلة لابن السني: ٢٧٣
(٣٧) عمل اليوم والليلة لابن السني: ١٦٣
(٣٨) مسند البزار: ٧٣٢٢
(٣٩) سنن الترمذي: ٣٤٢٦
(٤٠) سنن أبي داود: ٥٠٩٦
(٤١) صحيح الأدب المفرد: ٨١٠/ ١٠٥٥
(٤٢) سنن الترمذي: ٣٤٢٨
(٤٣) المعجم الصغير للطبراني: ١٩٦
(٤٤) المنهل العذب المورود شرح سنن أبي داود ١/ ٣٢٢
(٤٥) عمل اليوم والليلة لابن السني: ٢٨
(٤٦) سنن الترمذي: ٥٥
(٤٧) سنن ابن ماجه: ٧٢١، صحيح مسلم: ٣٨٦
(٤٨) صحيح البخاري: ٦١٤
(٤٩) آل عمران : ١٩٤
(٥٠) صحيح مسلم: ٧١٣، سنن أبي داود: ٤٦٥

(٥١) صحيح مسلم: ٧١٣، سنن أبي داود: ٤٦٥

(٥٢) سنن ابن ماجه: ٧٧٣

(٥٣) صحيح البخاري: ٦٨٩

(٥٤) صحيح البخاري: ٧٩٩

(٥٥) سنن أبي داود: ٨٥٠

(٥٦) سنن أبي داود: ١٥٢٢

(٥٧) صحيح البخاري: ٨٤٤

(٥٨) مصنف ابن أبي شيبة: ٣٥٨٧٥

(٥٩) سنن أبي داود: ٢٦٠٢

(٦٠) الزخرف: ١٣-١٤ ؛ سنن أبي داود: ٢٦٠٢

(٦١) المعجم الأوسط للطبراني: ٤٧٥٥

(٦٢) المعجم الأوسط للطبراني: ٤٧٥٥

(٦٣) سنن الترمذي: ٣٤٤٠

(٦٤) سنن أبي داود: ٢٦٠٠

(٦٥) هود: ٤١

(٦٦) الزمر: ٦٧

(٦٧) سنن أبي داود: ٣١٠٦

(٦٨) صحيح البخاري: ٣٦١٦

(٦٩) صحيح البخاري: ٥٧٤٣

(٧٠) سنن الترمذي: ٣٤٣١

(٧١) صحيح البخاري: ١٠٣٢

(٧٢) صحيح البخاري: ١٠١٤

(٧٣) صحيح مسلم: ٨٩٩

(٧٤) موطأ مالك: ٣٦٤١

(٧٥) سنن الترمذي: ٣٧٥٣

(٧٦) المعجم الأوسط للطبراني: ٣٩٣٩

(٧٧) سنن أبي داود: ٢٣٥٨

(٧٨) سنن أبي داود: ٢٣٥٧

(٧٩) المستدرك على الصحيحين: ١٧٥٧

(٨٠) صحيح مسلم: ١٣٧٣

(٨١) سنن أبي داود: ٢١٣٠

(٨٢) سنن أبي داود: ٢١٦٠

(٨٣) صحيح البخاري: ٦٣٨٨

(٨٤) فتح الباري لابن حجر ١/ ٢٤٢، ح: ١٤١

(۸۵) الصافات : ۱۰۰
(۸۶) آل عمران : ۳۸
(۸۷) البقرة : ۱۲۸
(۸۸) ابراهيم : ٤٠
(۸۹) الإسراء : ٢٤
(۹۰) سنن أبي داود: ۱۵۳۷
(۹۱) سنن أبي داود: ٥٠٧٤
(۹۲) صحيح البخاري: ٢٩٦٦
(۹۳) المواهب اللدنية بالمنح المحمدية ۱/ ۲۹۰
(۹٤) البقرة : ۱۲۸
(۹٥) مسند أحمد: ١٥٤٩٢
(۹٦) الفاتحة : ٦
(۹۷) آل عمران : ۸
(۹۸) تفسير ابن كثير: ۲/ ۱۳٦
(۹۹) صحيح ابن حبان: ٦٧٣٧
(۱۰۰) الكوكب الوهاج شرح صحيح مسلم بن الحجاج ۱۳/ ۲۷۹

(١٠١) سنن أبي داود: ٥٠٧٩
(١٠٢) سنن الترمذي: ٣٤٣٣
(١٠٣) الصافات: ١٨٠ - ١٨٢
(١٠٤) صحيح البخاري: ٦١١٥
(١٠٥) سنن أبي داود: ٥٠٣١
(١٠٦) مسند أحمد: ٢٤٨٥٧
(١٠٧) سنن أبي داود: ٥٢٣٤
(١٠٨) المعجم الصغير للطبراني: ٥٨٨
(١٠٩) سنن ابن ماجه: ٣٨٠٣
(١١٠) صحيح مسلم: ٢٦٦٤
(١١١) سنن ابن ماجه: ٣٨٠٤
(١١٢) صحيح المسلم: ٦٩٢٠
(١١٣) يوسف: ١٠١
(١١٤) شرح سنن ابن ماجه للسيوطي وغيره ص٢٠١
(١١٥) سنن الترمذي: ٣٤٩٦
(١١٦) سنن الترمذي: ١٠٠٠
(١١٧) صحيح مسلم: ٩١٨
(١١٨) سنن ابن ماجه: ١٥٤٧، صحيح مسلم: ٩٧٥